بنی خطا پر فوراً متنبہ ہوگیا اور اس نے حضرت مولانا سے بنت معافی مانگ کر اس قضیۂ نامرضیہ کا خاتمہ کردیا۔ لیکن اس سلسلہ میں جیل کے خود سر حکام کو یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہیے کہ جو لوگ حق گوئی کے جرم میں قید و بند کے شدائد برداشت کررہے ہیں ان کا معاملہ اخلاقی قیدیوں سے بالکل مختلف ہے۔ یہ لوگ جیل جاکر اپنی عزت اور وقار گھٹاتے نہیں بلکہ بڑھاتے ہیں۔ اور اخلاق اور کیرکٹر کے لحاظ سے ان کا پایہ اتنا بلند ہوتا ہے کہ اگر اخلاقیات کے عادی مجرموں کو ان حضرات کی چند روزہ صحبت بھی میسر آجائے تو برسوں کی شدید ترین قید زندان بھی ان پر وہ اثر نہیں کرسکتی جو یہ مختصر صحبت و معیت کرسکتی ہے۔ پھر حضرت مولانا کا معاملہ تو یوں بھی اوروں سے مختلف نوعیت کا ہے۔ مولانا ہندوستان کے صرف ایک سیاسی رہنما ہی نہیں بلکہ ہندوستان کے کروڑوں مسلمانوں کے نہایت محبوب دینی پیشوا بھی ہیں۔ اسلامی ہند کی سب سے بڑی دینی درسگاہ کے رئیس اعظم ہیں۔ ہندوستان کے علاوہ عرب اور مصر و شام کے مسلمان انھیں جانتے ہیں اور ان کے نام کی عزت کرتے ہیں۔ اس بنا پر مولانا کی عزت پوری مسلمان قوم کی عزت ہے۔ اور ان کی توہین یکسر ملت بیضا کی توہین و تذلیل ہے جسے وہ سیاسی آرار کے اختلاف کے باوجود کبھی برداشت نہیں کرسکتے۔ حکام کا فرض ہے کہ وہ اس حقیقت کو ہمیشہ پیش نظر رکھیں اور کبھی کوئی ایسی حرکت نہ کریں جو مسلمانوں کے لئے بحیثیت قوم انتہائی دکھ اور رنج کا سبب ہو۔

اس مہینہ کے ختم پر "ندوۃ المصنفین" کی عمر کا چھٹا سال پورا ہورہا ہے۔ جنگ کی وجہ سے طباعت اور کاغذ کی فراہمی وغیرہ جیسے کاموں میں جو گوناگوں مشکلات اور دشواریاں پیدا ہوگئی ہیں وہ کسی سے مخفی نہیں لیکن سنین ماضیہ کی طرح اس سال بھی یہ مشکلات اور صبر آزما پریشانیاں "ندوۃ المصنفین" کو اس کی اپنی وضع پر قائم رہنے سے باز نہیں رکھ سکیں۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک "ندوۃ المصنفین" اپنے معاونین و محسنین کی خدمت میں ہر سال چار کتابیں پیش کرتا ہے۔ امسال بھی یہی تعداد رہیگی۔ اور طباعت و کتابت اور کاغذ اور ضخامت یہ سب چیزیں بھی گذشتہ سالوں کی کتابوں کی ہی طرح بلکہ بعض حیثیات میں ان سے بڑھکر ہیں۔ اس سال کے محسنین و معاونین کی خدمت میں جو کتابیں پیش کی جائیں گی۔ ان کے نام مع مختصر تعارف کے یہ ہیں:

(۱) مکمل لغات القرآن مع فہرست الفاظ جلد اول تقطیع ۲۲×۲۰/۸ ضخامت ۳۳۶ صفحات قیمت مجلد للعہ۔ غیر مجلد عہ۔ پوری کتاب تین جلدوں میں تمام ہوگی۔ یہ کتاب کی صرف پہلی جلد ہے جو الف پر ختم ہوئی ہے اور شائع ہوچکی ہے۔ اس میں قرآن مجید کے الفاظ کے لغوی اور اصطلاحی معانی کی تحقیق کے ساتھ ساتھ ان الفاظ سے متعلق تاریخی تفسیری اور فقہی بحثیں بھی آگئی ہیں۔ پھر یہ کتاب صرف لغات پر مشتمل نہیں بلکہ فہرست الفاظ بھی ساتھ ہی ساتھ کر